## سوال

(219) کیا مردوں کو قرآن پاک کا ثواب پہنچتا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مُردوں کو قرآن پاک کا ثواب پہنچتا ہے یا نہیں اگر پہلا اپنے دادا، چچا، تایا یا کسی رشتہ دار کے لیے ماں باپ کے علاوہ قرآن پڑھوں تو کیا ان کو ثواب پہنچے گا یا نہیں؟ (سائل اصغر محمود) (، اکتوبر ۱۹۹۴ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کا شریعت میں کوئی ثبوت نہیں۔ شیخ علی متقی حنفی صاحبِ 'کنزالعمال'' فرماتے ہیں:

'اَلاِجْتِمَاعُ لِلْقِرَائَةِ بِالْقُرْاٰنِ عَلَی الْمَیِّتِ بِالتَّخْصِیْصِ فِی الْمَقْبَرَةِ اَوِالْمَسْجِدِ اَوِالْبَیْتِ بِدْعَةٌ مَذْمُوْمَةٌ'

یعنی میت پر قرآن خوانی کے لیے جمع ہونا بالخصوص قبرستان یا مسجد یا گھر میں مذموم بدعت ہے۔''

اور صاحبِ ''سفر السعادة'' کا کہنا ہے:

'وَلَمْ تَکُنِ الْعَادَةُ اَنْ یَّجْتَمِعُوْا لِلْمَیِّتِ وَیَقْرَؤُالَہُ الْقُرْاٰنَ'

یعنی ''سلف کی عادت نہیں تھی کہ جمع ہو کر میت کے لیے قرآنی خوانی کرتے ہوں۔''

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 225**